# بادبانِ اردو

ایس ایل او پر مبنی نمونہ کے پرچہ جات

## جماعت سوم

ڈاکٹر طاہر محمود



EXCEL
BOOK COMPANY

ایکسل بُک کمپنی

# بَادبانِ اُرْدُو

# ماڈل پیپرز

برائے جماعت سوم

یکساں قومی نصاب کے مطابق ایک قوم ایک نصاب

ڈاکٹر طاہر محمود

EXCEL BOOK COMPANY
Head Office: House# 992, St. 43, E-11/2, Islamabad +92 345 589 2752
Sales Point: 7-Mian Market, Ghazni Street, Urdu Bazar, Lahore.
Contact: +92 343 524 5518 +92 42 3723 11 12
NAJEEB Creative Studio
AE Printers A complete Printing Solutions
www.excelbookcompany.com.pk

جُملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

اس کتاب کو بغیر پبلشر کی تحریری اجازت کے کسی کو بھی کسی بھی صورت میں فروخت کرنے یا اس پر کسی کو اُجرت دیے جانے کا اختیار نہیں ہے۔ اس کتاب کے کسی بھی حصّہ یا کسی بھی سبق کو ذخیرۂ کر کے تقسیم کرنے کی اجازت نہیں۔ اس کتاب میں کسی بھی قسم کی فوٹو کاپی، ویڈیو اور آڈیو وغیرہ بنانے کی صورت میں ہر حال میں پبلشر سے پیشگی اجازت انتہائی ضروری ہے۔

**نام کتاب:** **بادبانِ اُردو ماڈل پیپرز** (برائے جماعت سوم)
**مصنفین و مؤلفین:** ڈاکٹر طاہر محمود
**ناشر:** ایکسل بُک کمپنی
7 میاں مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: +92 42 3723 1112 / +92 42 3730 0598 / +92 324 899 1363
**پرنٹر:** احمد ایمان پرنٹرز، بندر روڈ لاہور۔
**گرافکس ڈیزائنگ:** عبدالقادر (اسلام آباد)، عماد الدین (لاہور)، سید باسط علی شاہ (لاہور)، ایم ریحان مظہر (لاہور)
**پروسیسنگ:** سلور سکین (لاہور)، ایم ریحان مظہر (لاہور)

# مؤلفین و مرتبّین

**ڈاکٹر طاہر محمود**
پی۔ایچ۔ڈی (اُردو)، ایم ایڈ، ماہرِ مضمون

**رابعہ طاہر**
ایم۔اے (اُردو)، بی ایڈ ماہر مضمون

**ایڈیٹوریل بورڈ**

ڈاکٹر روش ندیم (پی۔ایچ۔ڈی، اُردو)
ڈاکٹر عزیز ابن الحسن (صدر شعبہ اُردو، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد)
ڈاکٹر ارشد معراج (ایسوسی ایٹ پروفیسر، بین الاقوامی یونی ورسٹی، اسلام آباد)
چوہدری محمد اسحاق (معلم گورنمنٹ بوائز ہائی سکول، ترا ہیا، راول پنڈی)

**نظر ثانی**

پروفیسر مجیب الرحمان (سابقہ پروفیسر، ایچیسن کالج، لاہور)
پروفیسر رانا ندیم (ملتان پبلک سکول، ملتان)
پروفیسر شفا رانا (بیکن ہاؤس سکول، لاہور)
پروفیسر اسماء تنویر (سائی کیس سکول، لاہور)
ڈاکٹر وسیم انجم (وفاقی اُردو یونی ورسٹی، اسلام آباد)
ڈاکٹر صلاح الدین درویش
(ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اُردو فیڈرل معلم)

# ماڈل پیپر برائے جماعت سوم (اُردو) پیپر 1

کل نمبر:۵۰

نوٹ: دیے گئے تمام سوالات حل کرنے ہیں ہر سوال کے پانچ نمبر ہیں۔

سوال نمبر:۱ نعت کے مطابق درست الفاظ چن کر خالی جگہ پر کریں۔ (۵)

| | | |
|---|---|---|
| الف۔ سب سے۔۔۔۔۔۔و برتر ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم | افضل | اعلیٰ |
| ب۔ سب سے۔۔۔۔۔۔، دُلارا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم | پیارا | خوبصورت |
| ج۔ سب سے ارشد و۔۔۔۔۔۔ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم | ہر دل عزیز | اقرب |
| د۔ سب سے محمود و۔۔۔۔۔ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم | ظاہر | حامد |
| ہ۔ سب سے اسعد بھی۔۔۔۔۔۔بھی آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم ہیں۔ | خوش نصیب | خوش بخت |

سوال نمبر:۲ منتخب الفاظ کے متضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔ (۵)

الف۔ استاد ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو درست بات کی نصیحت کرتے ہیں۔

ب۔ ہم اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور وہی ہمارا۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

ج۔ ہمیشہ سچ بولو اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے بچو۔

د۔ جیت اور۔۔۔۔۔۔۔کھیل کا حصہ ہیں۔

ہ۔ اسلام میں کسی گورے کو۔۔۔۔۔۔۔پر کوئی برتری حاصل نہیں۔

سوال نمبر:۳ جملوں کے سامنے دیے ہوئے واحد کے جمع بنا کر خالی جگہ پر کریں۔ (۵)

| | |
|---|---|
| الف۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ | لڑکا |
| ب۔ مالی نے باغ میں۔۔۔۔۔لگائے۔ | پودا |
| ج۔ تار پر۔۔۔۔۔۔بیٹھے ہوئے ہیں۔ | طوطا |

د۔ ہمارے گھر میں سات ۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ کھڑکی

ہ۔ امی جان بازار سے ۔۔۔۔۔لائیں۔ کپڑا

و۔ پیٹی ۔۔۔۔۔۔ سے بھری ہے۔ آم

سوال نمبر:۴ دیے گئے سوالات کے جواب تحریر کریں۔ (۱۰)

ا۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم تجارت کا سامان لے کر کہاں گئے تھے؟

جواب: ____________________

____________________

ب۔ آج استعمال ہونے والے جدید موبائل فون کو کیا کہا جاتا ہے اور ان کی وجہ شہرت کیا ہے؟

جواب: ____________________

____________________

ج۔ ''پیشہ'' کسے کہتے ہیں؟

جواب: ____________________

____________________

د۔ حادثات عام طور پر کب ہوتے ہیں؟

جواب: ____________________

____________________

ہ۔ بچوں کو سب سے زیادہ مزہ عیدالاضحیٰ پر کب آتا ہے؟

جواب: ____________________

____________________

سوال نمبر:۵ دی گئی عبارت کو پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (۱۰)

اللہ تعالیٰ نے ہر دور میں انسانوں کی اصلاح کے لیے اپنے پیغمبروں کو بھیجا ہے۔ بنی اسرائیل کی قوم کی طرف تو بے شمار نبی بھیجے گئے مگر ان لوگوں نے ہر دور میں نبیوں کو جھٹلایا ہے۔ ایک دور میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیجا گیا تو یہ وہ دور تھا جب بنی اسرائیل پر سخت ظلم ہو رہا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے نبوت ملنے کے بعد اپنے بھائی ہارون کو اپنا نائب بنانے کے لیے خدا سے درخواست کی اور اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ درخواست قبول کر لی۔ اسی لیے جب موسیٰ علیہ السلام نے طور پہاڑ پر کتاب لینے جانا تھا تو اس وقت میں قوم میں ہارون علیہ السلام کو اپنا نائب مقرر کر کے گئے مگر جب آئے تو دیکھ کر حیران رہ گئے کہ لوگ ایک بچھڑے کی پوجا کر رہے ہیں۔ انھوں نے حضرت ہارون علیہ السلام کے بال پکڑ لیے اور پوچھا کہ تم نے انھیں ایسا کیوں کرنے دیا۔ اس پر حضرت ہارون علیہ السلام نے بتایا کہ انھوں نے مجھے کمزور پا کر میری بات نہ مانی۔ اور بچھڑا بنا لیا جس کا جسم بے جان اور منہ سے وہ بچھڑا آواز نکالتا تھا۔

**سوالات:**

الف۔ کس قوم کی طرف سب سے زیادہ نبی بھیجے گئے؟

جواب: ____________________

____________________

ب۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس کی سفارش کی کہ اسے میرا نائب بنا دیں؟

جواب: ____________________

____________________

ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو چھوڑ کر کیوں گئے اور واپس آ کر کیا دیکھا؟

جواب: ____________________

____________________

د۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس کو بالوں سے پکڑ کر استفسار کیا؟

جواب: ____________________

____________________

ہ۔ قوم کے پاس کس طرح کا بچھڑا تھا؟

جواب:_______________

_______________

سوالِ نمبر:۶ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (۱۰)

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مدد | |
| مشغول | |
| قربانی | |
| جذبہ | |
| عظیم | |

سوالِ نمبر:۷ دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں۔ ان الفاظ میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ کر کے لکھیں۔ (۵)

لاہور شہر کتا جانور امجد لڑکا

بادشاہی مسجد قلعہ کتاب قائدِاعظم محمد علی جناحؒ قرآن مجید

| اسم معرفہ | اسم نکرہ |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

☆......☆......☆

# ماڈل پیپر برائے جماعت سوم (اُردو) پیپر 2

کل نمبر:۵۰

نوٹ: دیے گئے تمام سوالات حل کرنے ہیں ہر سوال کے پانچ نمبر ہیں۔

سوال نمبر:ا درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ (۵)

| | | |
|---|---|---|
| الف۔ کس سے پوچھیے جا کر کیوں۔۔۔۔۔۔۔ بچے | ناراض ہو گئے | بگڑ گئے |
| ب۔ کچھ نئے تقاضے ہیں اس نئے۔۔۔۔۔۔۔ کے | زمانے | دور |
| ج۔ کھو گئے تعصب کے بے کراں۔۔۔۔۔۔۔ میں | اندھیروں | اجالوں |
| د۔ ہم بڑوں سے اچھے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ سے بچے | معصوم | بے شعور |
| ہ۔ جب کڑی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں یاد آ گئے بچے | مسافت | مصیبت |

سوال نمبر:۲ دیا ہوا پیراگراف غور سے پڑھیں اور ان میں دیے ہوئے مذکر اسما کے مونث اور مونث اسما کے مذکر لکھ کر خالی جگہ پر کریں۔

(۶)

یاسر اپنے ابو اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ہمراہ کراچی روانا ہوا۔ کراچی میں اس کے چچا اور۔۔۔۔۔۔۔ رہتے ہیں۔ یاسر وہاں اپنے دوستوں اور اس کی بہن اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ساتھ خوب کھیلتے ہیں۔ دادا ابو کا گھر بھی وہیں ہے اور۔۔۔۔۔۔۔ ہم سے بہت محبت کرتی ہیں۔ انھوں نے گھر میں بہت سے کبوتر اور۔۔۔۔۔۔ پال رکھی ہیں۔ ایک۔۔۔۔۔۔۔ اور بلی بھی ان کے گھر میں ہیں سب دوست وہاں خوب کھیلتے ہیں۔

سوال نمبر:۳ دیا گیا پیراگراف پڑھیں اور نمایاں کیے گئے جمع الفاظ کے واحد لکھ کر انھیں جملوں میں استعمال کریں۔ (۱۰)

ماں باپ کے ہم پر بے شمار <u>احسانات</u> ہیں جن میں سے ایک ہمیں پالنا ہے۔ ان کے باعث ہم مختلف <u>مقامات</u> کی سیر کرنے کے قابل ہوئے۔ انھوں نے ہماری بہت سی <u>خواہشات</u> کو پورا کرنے کے لیے اپنی خواہشات قربان کر دیں۔ ان ہی کے دم قدم سے ہم مختلف طرح کے <u>تعلقات</u> سے آشنا ہوتے ہیں۔ اگر ہمیں ان کا سہارا نہ ہوتا تو ہمارے بے شمار <u>نقصانات</u> ہو جاتے۔

سوالنمبر:۴ دیے گئے سوالات کے جواب تحریر کریں۔ (۱۰)

ا۔ شیر خان کا پتلی تماشا کیوں کامیاب نہ ہوا؟

جواب:__________________________________________

ب۔ سہراب کہاں کا پہلوان تھا؟

جواب:__________________________________________

ج۔ سبق ''رحم دلی'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جواب:__________________________________________

د۔ ہمسائے کے بھوکا رہنے کے متعلق کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا کیا ارشاد ہے؟

جواب:__________________________________________

ہ۔ راولپنڈی اور لاہور کے بیچ کیا ہے اور کیوں مشہور ہے؟

جواب:__________________________________________

سوالنمبر:۵ پاکستاں کے حسین مناظر کے حوالے سے ایک تقریر تیار کریں جس میں ثابت کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو قدرتی حسن سے مالا مال کر رکھا ہے۔ (۹)

سوال نمبر:٦ دیے گئے جملے پڑھیں اوران میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ کر کے متعلقہ خانوں میں تحریر کریں۔ (۵)

| جملے | اسم معرفہ | اسم نکرہ |
|---|---|---|
| فیصل کراچی گیا ہوا ہے۔ | | |
| لڑکے فٹ بال کا میچ کھیل رہے ہیں۔ | | |
| قرآن مجید نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر نازل ہوا۔ | | |
| لاہور میں کپڑے بہت شاندار مل جاتے ہیں۔ | | |
| پاکستان اور بھارت میں بہت پرانی دشمنی ہے۔ | | |

سوال نمبر:٧ دیا گیا پیراگراف درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔ (۵)

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذو النورین بھی کہا جاتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے عقد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دو بیٹیاں تھیں۔آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بے حد سخی تھے۔عرب میں ایک کنواں ایسا تھا جس کا پانی بہت میٹھا تھا۔یہ کنواں ایک یہودی کی ملکیت تھا۔جو پیسے لے کر پانی فروخت کرتا تھا۔آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے کنواں خریدنا چاہا تو اس نے آدھا کنواں فروخت کیا۔اس طرح ایک دن وہ پانی بیچتا تھا اور ایک دن مسلمانوں کے لیے یہ پانی مفت تھا۔دوسرے مذہب والوں کو بھی اس دن پانی بھرنے پر کوئی روک ٹوک نہ تھی جس سے اس کا یہودی نے وہ سارا کنواں ہی فروخت کر دیا۔آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ کنواں خرید کر نام خدا دے دیا۔

**سوالات:**

الف۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذو النورین کیوں کہا جاتا ہے؟

ب۔ میٹھے پانی کا کنوان کس کی ملکیت تھی؟

ج۔ ایک دن کے لیے مسلمانوں کو اس کا پانی کیسے دستیاب ہوا؟

د۔ یہودی نے سارا کنواں کیوں فروخت کر دیا؟

ہ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ کنواں خرید کر کیا کیا؟

☆......☆......☆



# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد کِشورِ حَسین شاد باد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَر زمین کا نِظام قوّتِ اُخوّتِ عوام
قوم مُلک سلطنت پایندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد

پَرچمِ ستارہ و ہِلال رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال


Contact:
+92 343 524 5518
+92 42 3723 11 12
www.excelbookcompany.com.pk

ایکسل بُک کمپنی
ہیڈ آفس: ہاؤس نمبر 992، سٹریٹ 43، E-11/2، اسلام آباد۔
لاہور آفس: 7-میاں مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔

EXCEL
BOOK COMPANY